ilmkidunya

علم کی دنیا

Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 18 Short Questions Preparation

Q1. گروپ انشورنس سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: گروپ انشورنس پالیسی کے تحت بیمہ کمپنی کسی کاروباری گروپ کے ملازمین کو اجتمائی طور پر مالی تحفظ فراہم کرتی ہے.اس پالیسی کے تحت تمام ملازمین مشترکہ طور پر پریمیم ادا کرتے ہیں.

Q2. بحری بیمہ کے اہم شرائط اور لوازمات کون سے ہیں.

Ans 1: بیمہ کروانے والے کا سامان پر قابل بیمہ حق.

Ans 2: بیمہ کروانے والےکو یہ ثابت کرنا پڑتا ہے کہ جہاز درست حالت میں ہے. اور سمندر کا عمومی مقابلہ کرسکتا ہے.

Ans 3: بیمہ پالیسی کروانے والے کو ضمانت دینا پڑتی ہے کہ جہاز مقررہ راستے پر سفر کرے گا یا سوائے طوفان اوربحری جہاز پر مقرر مقدار سے زیادہ سامان نہیں ہوگا.

Q3. زندگی کی بیمہ کی تعریف کریں.

Ans 1: ایسا معاہدہ جس میں بیمہ کمپنی اس بات کا وعدہ کرتی ہے کہ وہ بیمہ کروانے والے شخص کی وفات کی صورت میں آس کے وارثوں کو مالی تحفظ فراہم کرے گا.

Q4. آگ کے بیمہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: یہ بیمہ کمپنی اور پالیسی ہولڈر کے درمیان ایک معاہدہ ہے جس میں بیمہ کمپنی پریمیم کی ادائیگی کے بدلے بیمہ دار کی جائیداد کو آگ لگنےکی صورت میں یا بجلی گرنے کی صورت میں ہونے والے نقصان کی تلافی کرتا ہے.

Q5. آگ بیمہ کی اہم اقسام کونسی ہیں.

Ans 1: معینہ بیمہ

Ans 2: قدری بیمہ

Ans 3: جاری بیمہ

Ans 4: منافع جاتی بیمہ

Ans 5: اوسط پالیسی

Q6. حادثاتی بیمہ کی تعریف کریں.

Ans 1: حادثاتی بیمہ سے مراد ایسا معاہدہ ہے جس میں بیمہ کمپنی وعدہ کرتی ہے کہ حادثہ ہو نے کی صورت میں بیمہ دار کی مال و جان کو جو نقصان پہنچے گا،بیمہ کمپنی اس نقصان کی تلافی کرے گی.

Q7. بحری بیمہ کب شروع ہوا؟

Ans 1: بحری بیمہ بیمہ کی سب سے پرانی قسم ہے.بحری بیمہ کا آغاز بارھویں صدی میں اٹلی سے ہوا،15ویں صدی میں انگلستان میں بحری بیمہ کا رواج عام ہوگیا،بحری بیمہ کا پہلا ایکٹ 1601ء میں پاس ہوا.

Q8. بحری بیمہ کی اہم اقسام بیان کریں.

Ans 1: سفری بیمہ - وقتی بیمہ - وقتی سفری بیمہ - فلوٹنگ پالیسی

Q9. بیمہ کے چار فوائد لکھیں.

Ans 1: 1.بیمہ کروانے والے افراد میں بچت کی عادات پیدا ہو جاتی ہیں. 2.بیمہ کروانے سے انسان بڑھاپے میں تنگدستی سے بچا رہتا ہے. 3.انسان نقصان سے بچ جاتا ہے اور نقصان کا سارا بوجھ بیمہ کمپنی کو اٹھانا پڑتا ہے. 4.زندگی کا بیمہ جہاں انفرادی طور پر تحفظ کا احساس ہوتا ہے وہاں گروپ انشورنس اور سامان و جائیدار کا بیمہ کروانے سے اجتماعی تحفظ کا احساس ہوتا ہے.

Q10. بیمہ کاری کے اصول بیان کریں.

Ans 1: قآبل بیمہ حقوق - حد درجہ اعتماد - دوہرا بیمہ - نقصان کی اصل وجہ تلافی نقصان کا معاہدہ - خطرے کی موجودگی